The announcement said: "It is hoped that the trading community would switch their operations to the roads as soon as possible to relieve pressure on the railway and enable it to intensify the movement of essential goods to the northern parts of the country."—APP.

Qaddafi attacks 'non-aligned' aggressor States

ALGIERS, Sept. 8: Col. Muhammar Qaddafi, President of Libya, yesterday lashed out at countries proclaiming to be non-aligned in spite of being partners in military pacts and resorting to use of force to settle the issues.

NARMADA [illegible]

NEW DELHI [illegible] Narmada river [illegible] its banks on Thursday for the second time in the [illegible] forcing [illegible] to evacuate [illegible] Madhya Pradesh [illegible] said yesterday.

The 800-mile [illegible] rising [illegible] following [illegible] ing [illegible] the town of Hoshangabad [illegible]

[illegible] more than 2,000 [illegible] were destroyed [illegible] the area by floods.

They disclosed that [illegible] sons had been killed in floods in six Indian states during the past two months. In July, 363 persons died in similar flooding, they added.—APP

Glory to Him Who has subjected these to our (use), for we could never have accomplished this (by ourselves), and to our Lord, surely, must we turn back.[1] So Allah is the Best Keeper, and He is the Most Merciful of those who show mercy.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۖ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اُس کی ذات پاک ہے جس نے ان چیزوں کو ہمارے بس میں کر دیا ورنہ ہم ان کو قابو میں لانے کی طاقت نہ رکھتے تھے اور ایک روز ہمیں اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے

Ottawa mosque in Six months



The Ottawa mosque, now out for tenders, is scheduled to be ready in six months. The mosque is designed by G. A. Asad, an architect from Toronto, and is financed by funds raised by the 1500 members of the Ottawa Muslim Association. The Mosque will be dominated by a 40 feet diameter copper-roofed dome, and a 115 feet high minaret. It is to be constructed in Bluesteel brick veneer so as to achieve beauty and strength in the structure as well as effecting economy with high quality. Bands of ceramic tiles will encircle the building on which Arabic calligraphy will be engraved. The building is designed to accommodate around two hundred people. (*Impact news*)

RAMADAN TIME TABLE - 1973, 1392

Ramadan	Sept.	Sahoor	Fajr	Sunrise	Zuhr	Asr	Maghrib	Isha
1	Fri.28	5.15	5.20	6.50	1.00	4.00	6.40	8.30
2	Sat.29	5.16	5.21	6.51	1.00	4.00	6.38	8.30
3	Sun.30	5.18	5.23	6.52	1.00	4.00	6.37	8.30
	Oct.							
4	Mon. 1	5.19	5.24	6.53	1.00	4.00	6.35	8.30
5	Tue. 2	5.20	5.25	6.55	1.00	4.00	6.34	8.30
6	Wed. 3	5.22	5.27	6.56	1.00	4.00	6.32	8.30
7	Thur.4	5.23	5.28	6.57	1.00	4.00	6.30	8.30
8	Fri. 5	5.25	5.30	6.58	1.00	4.00	6.28	8.30
9	Sat. 6	5.26	5.31	7.00	1.00	4.00	6.27	8.30
10	Sun. 7	5.28	5.33	7.01	1.00	4.00	6.25	8.30
11	Mon. 8	5.29	5.34	7.02	1.00	4.00	6.24	8.30
12	Tue. 9	5.31	5.36	7.03	1.00	4.00	6.22	8.30
13	Wed.10	5.32	5.37	7.05	1.00	4.00	6.20	8.30
14	Thr.11	5.34	5.39	7.06	1.00	4.00	6.19	8.30
15	Fri.12	5.35	5.40	7.07	1.00	4.00	6.17	8.30
16	Sat.13	5.37	5.42	7.08	1.00	4.00	6.16	8.30
17	Sun.14	5.38	5.43	7.09	1.00	4.00	6.14	8.30
18	Mon.15	5.40	5.45	7.11	1.00	4.00	6.12	8.30
19	Tue.16	5.41	5.46	7.12	1.00	4.00	6.10	8.30
20	Wed.17	5.43	5.48	7.13	1.00	4.00	6.08	8.30
21	Thr.18	5.44	5.49	7.15	1.00	4.00	6.06	8.30
22	Fri.19	5.45	5.50	7.16	1.00	4.00	6.04	8.30
23	Sat.20	5.47	5.52	7.17	1.00	4.00	6.02	8.30
24	Sun.21	5.48	5.53	7.18	1.00	4.00	6.00	8.30
25	Mon.22	5.50	5.55	7.20	1.00	4.00	5.58	8.30
26	Tue.23	5.51	5.56	7.21	1.00	4.00	5.56	8.30
27	Wed.24	5.53	5.58	7.22	1.00	4.00	5.55	8.30
28	Thr.25	5.54	5.59	7.23	1.00	4.00	5.53	8.30
29	Fri.26	5.56	6.01	7.24	1.00	4.00	5.52	8.30
* 30	Sat.27	5.58	6.03	7.25	1.00	4.00	5.50	8.30

* Sunday 28, 1973 - EID-UL-FITR ; Subject to the appearance of the NEW MOON.

MOST PEOPLE are more comfortable with old problems than with new solutions

ADVERSE criticism from a wise man is more to be desired than the enthusiastic approval of a fool



nths



in Bluesteel
to achieve
in the struc-
ng economy
Bands of
encircle the
Arabic calli-
graved. The
o accommo-
dred people.

th old

nore to
oval of

([illegible])

شمیم [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] سلامت رہیں

کو رقعات بھجوا کر خوش کرتی ہوں کہ [illegible] ملا [illegible] پڑھ کر طبیعت ابھی نہیں ہے۔ ازحد تشویش ہے۔ لکھنے کی بات تو نہیں ہے مگر مجھے بھی تقریباً روزانہ بے ہر رات بدخوابی ہوتی ہے۔ آپ کے متعلق برے برے خواب نظر آتے ہیں۔ خدا خیر کرے۔ صبح کو صدقے کی قربانی دی جاتی ہے۔ اس پر کافی خرچ ہو رہا ہے۔

آپ نے پوچھا ہے کہ میں رات کو کیا کھاتی ہوں۔ بھلا اس کا تعلق خوابوں سے کیا ہو سکتا ہے۔ وہی معمولی کھانا۔ البتہ سوتے وقت ایک سیر کڑھا ہوا دودھ کچھ خشک میوہ اور آپ کا ارسال کردہ سوہن حلوہ۔ حلوہ اگر زیادہ دیر رکھا رہا تو خراب ہو جائے گا۔

سب سے پہلے آپ کے بتائے ہوئے ضروری کام کے متعلق لکھ دوں کہ کہیں باتوں میں یاد نہ رہے۔ آپ نے تاکید فرمائی ہے کہ میں فوراً بیگم فریدہ سے مل کر مکان کی خرید کے سلسلے میں ان کا آخری جواب آپ کو لکھ دوں۔ کل ان سے ملی تھی۔ شام کو گیا ہوتی تو ڈرائیور غائب تھا۔ یہ غفور دن بدن سست ہوتا جا رہا ہے۔ عمر کے ساتھ اس کی بینائی بھی کمزور ہونے لگی ہے۔ اس مرتبہ آتے وقت اس کے لیے ایک اچھی سی عینک لیتے آئیں۔ گھنٹوں کے بعد آیا تو کہنے لگا کہ تین دن سے کار مرمت کے لیے گئی ہوئی ہے چاروں ٹائر بیکار ہو چکے ہیں، ٹیوب پہلے سے چھلنی ہیں۔ یہ کار بھی جواب دیتی جا رہی ہے آپ کے آنے پر نئی کار لیں گے۔ اگر آپ کو ضرورت ہو تو اس کار کو منگا لیں۔ خیر تانگہ منگایا۔ راستے میں ایک جلوس ملا۔ شاید [illegible] بجا ہوا تھا ایک گھنٹہ ٹریفک بند رہا۔ معلوم ہوا کہ خان بہادر رحیم خاں کے صاحبزادے کی برات جا رہی ہے۔ برات نہایت شاندار تھی تین آدمی اور دو گھوڑے زخمی ہوئے۔

راستے میں زینب بوا مل گئیں۔ یہ ہماری دور کی رشتہ دار ہوتی ہیں۔ احمد چچی کی سسرال میں جو تحصیلدار صاحب ہیں نا ان کی سوتیلی ماں کی سگی بھتیجی ہیں۔ آپ ہمیشہ زینب بوا اور رحمت بوا کو ملا دیتے ہیں۔ رحمت بوا میری ننھیال سے ہیں۔ ماموں خالد کے ہم زلف کے تائے کی نواسی ہیں۔ رحمت بوا بھی ملی تھیں۔ میں نے ان سے کہا کہ کبھی باجی قدسیہ کو ساتھ لا کر ہمارے ہاں چند مہینے رہ جائیں۔ انہوں نے وعدہ کیا ہے۔ باجی قدسیہ بھی اپنے عزیزوں میں سے ہیں۔ یہ وہی ہیں جو تایا نعیم کے ساتھ ہماری شادی پر آئی تھیں۔ تایا نعیم کی ساس ان کی دادی کی منہ بولی بہن تھیں بلکہ ایک دوسرے سے دوپٹہ بدل چکی تھیں۔ یہ سب اس لیے لکھ رہی ہوں کہ آپ کو اپنے عزیز و اقارب یاد نہیں رہتے۔ کیا عرض کروں آج کل زمانہ ایسا آگیا ہے کہ رشتہ دار کو رشتہ دار کی خبر نہیں۔ میں نے زینب بوا کو گھر آنے کے لیے کہا، وہ اسی شام آگئیں۔ میں نے خاطر کی۔ خواہش ظاہر کرنے پر آپ کے ارسال شدہ روپوں میں سے دو سو انہیں ادھار دے دیئے۔

ہاں تو میں بیگم فریدہ کے ہاں پہنچی۔ بڑے تپاک سے ملیں۔ بہت بدل چکی ہیں۔ جوانی میں مس فریدہ کہلاتی تھیں، اب تو بالکل رہ گئی ہیں۔ ایک تو بیچاری پہلے ہی اکہرے بدن کی ہیں اس پر طرح طرح کے فکر۔ گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر اٹھتی ہیں۔ کہنے لگیں [illegible] نسیم کا عقیقہ ہے۔ اس سے اگلی جمعرات کو [illegible] جنرل صاحب کی دعوت ہو گی ضرور آنا۔

[illegible] کی طرح چٹخ چٹخ باتیں نہیں کرتیں۔ [illegible] عمر کا بھی تقاضا ہے۔ [illegible] طرح سیر کرتی ہوئی اچھی لگوں گی۔ [illegible] بعد جانے کب چلی جاتی [illegible] ہوں۔ [illegible] واپس آتے آتے اس قدر تھکن ہو جاتی ہے کہ بس۔

آپ ہنسا کرتے ہیں کہ [illegible] بڑے اکھڑے کام میں لگی رہیں۔

آپ نے بجائے خط میں شاعری کی ہے اور اتنی سیدھی باتیں لکھی ہیں۔ ذرا سوچ تو لیا ہوتا کہ یوں دوسرے گھر میں خط جا رہا ہے۔ اب ہمارے وہ دن نہیں رہے کہ عشق پیچ کی باتیں ایک دوسرے کو لکھیں۔ شادی کو پانچ برس گزر چکے ہیں۔ خدارا ایسی باتیں آئندہ مت لکھئے۔ توبہ توبہ اگر کوئی پڑھ لے تو کیا کہے۔

ان دنوں میں فرصت ہی نہیں ملتی۔ ٹریننگ کے بعد کلاس کا امتحان ہوا تھا۔ آپ سن کر خوش ہوں گے کہ میں پاس ہو گئی۔

پچھلے ہفتے ایک عجیب واقعہ ہوا۔ ننھو کے بچے کو بخار ہوا۔ یوں تپ رہا تھا کہ چنے رکھو اور بھون لو۔ میں نے تھرمامیٹر لگایا تو نارمل تھا۔ دوبارہ لگایا تو نارمل سے بھی نیچے چلا گیا۔ پتہ نہیں کیا وجہ تھی۔ پھر گھڑی دیکھ کر نبض گننے لگی۔ دفعتاً یوں محسوس ہوا جیسے لڑکے کا دل ٹھہر گیا ہو کیونکہ نبض رک گئی تھی۔ بعد میں پتہ چلا کہ دراصل گھڑی بند ہو گئی تھی۔ یہ فرسٹ ایڈ بھی یوں ہی ہے خواہ مخواہ وقت ضائع کیا۔

ڈاکٹر میری سٹوپس کی کتاب ارسال ہے۔ اگر وہ کار آمد ہے تو لوٹا دیجئے۔ یہ باتیں صرف ہم مشرق کے رہنے والوں کیلئے تھوڑا ہی ہیں۔ اس کی جگہ تیز کی ساری جلدیں بھجوا دیجئے۔ ایک کتاب گھر کا حکیم کی بڑی تعریف سنی ہے یہ بھی بھجوا دیجئے۔

چند نئی فلمیں دیکھیں کافی پسند آئیں۔ ہیرو کا انتخاب بہت موزوں تھا۔ شانوں تک لمبے لمبے بال، کھوئی کھوئی سی نگاہیں، کھلے گلے کا کرتہ، گانے کا شوق، کسی کام کی بھی جلدی نہیں، فرصت ہی فرصت۔ آپ بہت یاد آئے۔ شادی سے پہلے میں آپ کو اسی روپ میں دیکھا کرتی تھی۔ کاش کہ آپ کے بھی لمبے لمبے بال ہوتے، ہر وقت کھوئی ہوئی نگاہوں سے خلا میں تکتے رہتے، کھلے گلے کا کرتہ پہن کر گلشن میں گایا کرتے، نہ یہ کمبخت دفتر کا کام ہوتا اور نہ ہر وقت کی فکر۔ لیکن خواب کب پورے ہوتے ہیں۔

ان فلموں میں ایک بات کھٹکتی ہے، ان میں عورتوں کی قوالی نہیں ہے۔ فلم بنانے والے نہ جانے ایسی اہم چیز کو کیوں نظر انداز کر دیتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ گیت بے معنی ہیں۔ مثلاً ایک گانا بھی ایسا نہیں ہے جس میں راجہ جی، موسے راجہ یا جو راجہ آ جا ہو۔ یہ سادہ الفاظ گیت میں جان ڈال دیتے ہیں۔

ایک بہت ضروری بات آپ سے پوچھنا تھی۔ زینب بوا نے شبہ سا ڈال دیا ہے کہ آپ کے لفافوں پر پتہ زنانہ تحریر میں لکھا ہوا ہوتا ہے۔ ممکن ہے کہ آپ کے دفتر میں کوئی سکریٹری یا سٹینو وغیرہ آ گئی ہو اور آپ مصروفیت کی بنا پر پتہ اس سے لکھواتے ہوں۔ یہ لڑکی کس عمر کی ہے، شکل و صورت میں کیسی ہے، غالباً کنواری ہو گی۔ اس کے متعلق مفصل طور پر لکھئے۔ اگر ہو سکے تو اس کی تصویر بھی بھیجئے۔

باقی سب خیریت ہے اور کیا لکھوں۔ بچے ہر وقت آپ کو یاد کرتے ہیں۔ اصغر روز پوچھتا ہے کہ ابا میری سائیکل کب بھیجیں گے۔ آپ نے آنے کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ اب تو ننھی کی بسم اللہ بھی قریب آ چکی ہے۔ میری مانیے تو واپس یہیں تبادلہ کرا لیجئے۔ بھاڑ میں جائے یہ ترقی اور ایسا مستقبل۔ تھوڑی سی اور ترقی دے کر لکھنے والے آپ کو [illegible] دور نہ بھیج دیں۔

آپ بہت یاد آتے ہیں۔ ننھے کی جرابیں پھٹ چکی ہیں، ننھی کے پاس ایک بھی نیا فراک نہیں رہا۔ برابر پردیس کا صدمہ دیکھنے کو ترس گئے ہیں۔ امی جان کی اونی چادر اور کمبلوں کا انتظار ہے۔

ہر وقت آپ کا انتظار رہتا ہے۔ آنکھیں دروازے پر لگی رہتی ہیں۔ صحن کا فرش جگہ جگہ سے اکھڑ رہا ہے۔ مالی کام نہیں کرتا۔ اس کی لڑکی اپنے خاوند کے ساتھ بھاگ گئی ہے۔

آتے وقت چند چیزیں ساتھ لائیں۔ [illegible] اور کنٹوپ، ننھی کا فراک، دو چمڑے کے صندوق۔ زینب بوا کے [illegible] بلی کے گلے میں باندھنے کے لیے ربن اور کتے کا خوبصورت سا کالر، کچھ سوہن حلوہ اور ننھی کا سویٹر۔ ننھی کے کان میں پھنسی تھی۔ چچا جان سول سرجن بلانے کو کہتے تھے میں نے منع کر دیا کیونکہ کل تعویذ آ جائے گا۔

یہاں کی تازہ خبریں یہ ہیں کہ تیموری جان کی بھینس اللہ کو پیاری ہو گئی۔ بڑا افسوس ہوا، اچھی بھلی تھی دیکھتے دیکھتے دم توڑ دیا۔ [illegible] کا لڑکا کہیں بھاگ گیا ہے۔ احمد چچا کا جس بینک میں حساب تھا وہ بینک فیل ہو گیا ہے اور یہاں چچا جان کی ساس جو اکثر بہکی بہکی باتیں کیا کرتی تھیں [illegible] ہو گئی ہیں۔ بقیہ خبریں اگلے خط میں لکھوں گی۔

سرتاج کو کنیز کا آداب۔ فقط۔

(ایک بات بھول گئی تھی اگر نئے مکان کا نمبر [illegible] لکھ بھیجئے [illegible] ڈاک جلدی مل جاتی ہے)۔

اے شریف انسانو

ساحر لدھیانوی

خون اپنا ہو یا پرایا ہو
نسل آدم کا خون ہے آخر
جنگ مشرق میں ہو کہ مغرب میں
امن عالم کا خون ہے آخر

بم گھروں پر گریں کہ سرحد پر
روح تعمیر زخم کھاتی ہے
کھیت اپنے جلیں کہ اوروں کے
زیست فاقوں سے تلملاتی ہے

ٹینک آگے بڑھیں کہ پیچھے ہٹیں
کوکھ دھرتی کی بانجھ ہوتی ہے
فتح کا جشن ہو کہ ہار کا سوگ
زندگی میتوں پہ روتی ہے

جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے
جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی
آگ اور خون آج بخشے گی
بھوک اور احتیاج کل دے گی

اس لیے اے شریف انسانو!
جنگ ٹلتی رہے تو بہتر ہے
آپ اور ہم سبھی کے آنگن میں
شمع جلتی رہے تو بہتر ہے

برتری کے ثبوت کی خاطر
خوں بہانا ہی کیا ضروری ہے
گھر کی تاریکیاں مٹانے کو
گھر جلانا ہی کیا ضروری ہے

جنگ کے اور بھی تو میداں ہیں
صرف میدان کشت و خوں ہی نہیں
حاصل زندگی خرد بھی ہے
حاصل زندگی جنوں ہی نہیں

آؤ ہم لوگ عصر نو کے لیے
اک نئی طرز فکر عام کریں
امن اور جنگ ساتھ ساتھ چلیں
ایسی جنگوں کا اہتمام کریں

جنگ [illegible]
امن [illegible] ارتقا کے لیے
جنگ ایٹم کی سازشوں کے خلاف
امن انسان کی بقا کے لیے

جنگ افلاس اور غلامی سے
امن بہتر نظام کی خاطر
جنگ بھٹکی ہوئی قیادت سے
امن بے بس عوام کی خاطر

نیرنگِ خیال

محاوروں کی پیچیدہ حرکتیں

فضل الٰہی عارف

حرکات دو طرح کی ہوتی ہیں: طبعی اور غیر طبعی۔ نچلا نہ بیٹھنا یا "زمیں جنبد نہ جنبد گل محمد" کے مصداق ایک ہی جگہ جم کے بیٹھ جانا غیر طبعی حرکتیں ہیں۔ طبعی حرکات وہ ہیں جو بے ساختہ سرزد ہوتی ہیں۔ ان میں کسی کی خواہش اور ارادے کا دخل نہیں ہوتا یا کم ہوتا ہے، وہ یہ ہیں:

ہنسی: یہ اظہارِ خوشی کی علامت ہے۔ اس کی کئی قسمیں ہیں۔ ایک قہقہہ مار کر یا کھل کھلا کر ہنسنا: یعنی اس طرح ہنسنا کہ دانت کھل جائیں۔ فارسی میں اسے خندۂ دنداں نما کہتے ہیں، مثلاً:

بولی، کیا تھا جو کھل کھلاتی تھیں — قسمیں تم کس کے سر کی کھاتی تھیں (عالم)

انتہا درجے کی ہنسی ہو تو کہتے ہیں: "ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ گئے" یا وہ "ہنستے ہنستے لوٹ گئے"، مثلاً:

مرغِ بسمل کی طرح تڑپے ہزاروں دلِ زار — ہنستے ہنستے جو کبھی وہ گلِ خنداں لوٹا (آتش)

ایک ہنسی صرف ہونٹوں تک محدود رہتی ہے، یعنی نہ اس میں آواز ہے نہ دانتوں کی نمائش، اسے تبسم یا مسکراہٹ کہتے ہیں۔

بعض دفعہ زوردار ہنسی کے صوتی اثرات بڑے خطرناک یا مضحکہ خیز ہوتے ہیں۔ یعنی ہنسی کی بات کوئی نہیں ہوتی یا معمولی ہوتی ہے، لیکن بعض لوگ اس شدت سے ہنستے ہیں کہ ایک ہنگامہ برپا ہو جاتا ہے اور فضا قہقہوں سے گونج اٹھتی ہے۔ ان کی مخصوص یا حد سے تجاوز آوازہی سے سامعین کو ہنسی آجاتی ہے۔ وہ اپنی طرف سے دوسروں کو محظوظ کرنے یا ہنسانے کی بات کرتے ہیں، لیکن اس خیال سے کہ ممکن ہے دوسرے سن کر نہ ہنسیں، خود ہی اپنی بات پر بے تحاشا ہنس لیتے ہیں تاکہ دوسروں کی طرف سے بھی یہی ہنسی بطور سند کام آئے۔

ایک ہنسی وہ بھی ہے کہ نہ لب و دنداں سے اس کا اظہار ہوتا ہے نہ اس کی آواز ہوتی ہے۔ محض ہنسی کے قابل بات کے معنوں میں ہنسی ہوتی ہے، مثلاً:

کیا ہنسی آتی ہے مجھ کو حضرتِ انسان پر — فعلِ بد تو خود کریں، لعنت کریں شیطان پر

ایک ہنسی اُڑتی ہے یا اُڑائی جاتی ہے جسے محاورے میں کسی پر ہنسنا کہتے ہیں، مثلاً:

اے فلک ڈوب مرتری تاثیر دیکھ لی — اُڑتی ہنسی اُڑی مری چشمِ پُرآب کی (ملّا)

ہنسی میں اُڑا دینا محاورہ ہے۔ کسی بات کو مذاق یا دل لگی میں ٹال دینے کے معنوں میں، مثلاً:

گریباں چاک ہے اب تک سنا تھا میر اک نالہ — ہنسی میں ٹال دیتے ہیں بلا تیرے شیون کو (ناسخ)

رونا: ہنسی کی طرح رونے کی بھی کئی طرزیں اور قسمیں ہیں۔ جس طرح بعض لوگ ہنس مکھ اور ہنسوڑ ہوتے ہیں اسی طرح بعض لوگ رونی صورت ہوتے ہیں کہ روئیں نہ روئیں، دیکھنے سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ رو رہے ہیں یا رو چکے ہیں۔

ایک رونے میں آنسو ٹپ ٹپ آنکھوں سے گرتے ہیں یا آنکھیں صرف تر ہو جاتی ہیں اور صورت پر بھی رونے کے اثرات نمایاں ہوتے ہیں۔ دوسرا رونا آواز سے رونا ہے۔ یہی آواز شدید ہو تو دھاڑیں مار کر رونا کہلاتا ہے۔ اسی کو پھوٹ پھوٹ کر رونا بھی کہتے ہیں۔ قطرہ ہائے اشک کی گنتی کا لحاظ کرکے آٹھ آٹھ آنسو رونا بھی کہتے ہیں، مثلاً:

روتے ہیں آٹھ آٹھ آنسو ہم — ہائے آنکھوں پہ جدائی ہے (ناسخ)

ہر شخص کے رونے کے صوتی اثرات مختلف ہوتے ہیں، یعنی کبھی گریہ آور اور کبھی خندہ آور۔ (رونے کی طرز و آواز سے سننے والوں کو بھی رونا یا ہنسی آجاتی ہے)

بعض لوگ بڑے رقیق القلب ہوتے ہیں کہ معمولی سی غم افزا بات پر رو دیتے ہیں، لیکن کچھ ایسے سنگ دل بھی ہیں کہ رونے کی بڑی سے بڑی بات پر رونا تو درکنار ان کی آنکھیں بھیگتے تک نہیں پاتیں اور غم کی بات ان کے لیے یوں ہوتی ہے جیسے چکنے گھڑے پر بوند پڑی اور پھسل گئی۔

کچھ لوگ تو خود ہی رونے میں مبالغہ کرتے ہیں لیکن شاعروں نے اس میں جو مبالغہ کیا ہے تو بس کمال ہی کر دیا ہے، مثلاً:

ہم رونے پہ آجائیں تو دریا ہی بہا دیں — شبنم کی طرح سے ہمیں رونا نہیں آتا

کیا خط لکھوں کہ رونے سے فرصت نہیں مجھے — لکھتا ہوں، تو پھر سے ہے کتابت بہی ہوئی (میر)

عرفی اگر بہ گریہ میسر شدے وصال — صد سال می تواں بہ تمنا گریستن

واکہ وصالِ محبوب رونے سے میسر آجاتا تو ہم سو سال تک رو سکتے تھے اور روتے رہتے۔

رات مجنوں شمع کی ہم کو جو روتے رہتے — بسکہ اشکوں میں ہم بہہ کے بہتے رہتے (فدا)

آنکھوں میں کون آکے الٰہی نکل گیا — کس کی تلاش میں ہیں یہ اشک رواں چلے (جلیل)

واں کرم کو عذرِ بارش تھا عناں گیرِ خرام — گریہ سے یاں پنبۂ بالش کفِ سیلاب تھا (غالب)

میں نے مدکاراتِ غالب کو دگر نہ دیکھے — اس کے سیلِ گریہ میں گردوں کف سیلاب تھا

ایک دو آنسو ڈبونے تو کیا — ہم بچے تھے چشمِ تر کہاں سے (مصحفی)

رونا اصل اور طبعی کیفیت سے ہٹ کر کچھ اور معنوں میں بھی مستعمل ہے، مثلاً:

خشک آنکھیں روتے روتے مخفی صیاں نہیں — پھر بھی رونا ہے جلال اس کا کہ دامن تر ہو (…)

تھا دل بہتوں کی طرح پروا آئی تھی — تم بھی ہنستے ہو سب پہ حال پہ رونا ہے کبھی (حسرت موہانی)

تڑا لیے: سونے کو بھی سوتے ہیں، خواہ کوئی گھوڑے بیچ کر سوئے یا مردوں سے شرطیں باندھ کر سوئے لیکن …

نیند ایسی طبعی فطری ضرورت ہے کہ کہتے ہیں سولی پر بھی آجاتی … نیند آجاتی ہو گی یہ تو کسی نے آزمائش کی ہو ہی ہو جائے لیکن بعضوں کے پیٹ بھرنے کے ساتھ خراٹے بھی بڑے لاتے ہیں … خراٹے کچھ … بے ضرر قسم کے ہوتے ہیں — لیکن بعض خراٹے اور ان کے صوتی اثرات بڑے خوفناک ہیں … لیتے ہیں بڑے موثر ہوتے ہیں، یوں لگے جیسے فضا میں ہوائی جہاز چلنے لگتا ہے یا … بعض نازک اندام … رکھ بیٹھ جاتے ہیں۔

انگڑائی: بدن کو کھنچاؤ آتی ہے جو سستی اور کاہلی کی کیفیت ہے جس میں اعضا کو کھینچتے اور پھیلاتے ہیں، مثلاً:

انگڑائی لینے پائے نہ تھے وہ اٹھا کے ہاتھ — دیکھا جو مجھ کو چھوڑ دیے مسکرا کے ہاتھ (نظام)

یہ تو انگڑائی آنا یا لینا ہوا، لیکن بعض لوگ انگڑائیاں توڑتے ہیں۔ وہ اس طرح کہ انگڑائی لیتے وقت کسی کے کاندھے پر ہاتھ رکھ کر اپنے جسم کا بوجھ اس پر ڈال لیتے ہیں۔ اس حرکت کو عموماً معیوب خیال کیا جاتا ہے کیونکہ سمجھا یہ جاتا ہے کہ انگڑائی لینے والے کی سستی دوسرے پر آجاتی ہے۔ جماہی لینا کاہلی کا ہوتا ہے۔ بہتے سے بھی مراد لی جاتی ہے، مثلاً: گھر بیٹھے انگڑائیاں توڑنے سے کیا ہوگا، کچھ دوڑ دھوپ بھی ضروری ہے۔

چھینک: وہ آواز جو سردی یا کھجلی کی وجہ سے ناک سے نکلتی ہے اسے چھینک کہتے ہیں اور اس فعل کو چھینکنا — مسلمان بحکمِ شرعی کے مطابق جب چھینکتا ہے تو کہتا ہے: الحمد للہ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ علامتِ صحت ہے۔ دوسرا آدمی جواباً کہتا ہے: یرحمک اللہ (خدا تجھ پر رحم کرے)۔ ہر آدمی کی چھینک کی صوتی کیفیت مختلف ہے — بعض لوگوں کی چھینک تو بڑی مہذب ہوتی ہے جیسے بے دلی سے چھینک کی آواز نکلی اور معاملہ ختم، لیکن بعض لوگوں کی چھینکوں کی بلند آہنگی اور ان کا تواتر (خصوصاً اگر ساتھ ترشح بھی ہو) بڑا صبر آزما ہوتا ہے۔ ایسی چھینک کی آواز سننے والوں پر فرض ہو جاتا ہے کہ جواباً یرحمک اللہ کہیں، کیونکہ نہ صرف چھینکنے والے کی حالت قابلِ رحم ہوتی ہے بلکہ سننے والوں کی بھی۔

ہندو اور جاہل لوگ چھینک مارنے یا چھینک کو بدشگونی خیال کرتے ہیں، مثلاً کہتے ہیں چھینکتے ہی ناک کٹی جس کا مطلب دوسرے لفظوں میں ہے، سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔ بعض لوگ نسوار یا ناس وغیرہ کے ذریعے سے چھینکیں لیتے ہیں اور آپ ہی آپ چھینکوں کا لطف اٹھاتے ہیں۔

☆☆☆

اقبالؒ نے فرمایا

میکدے میں ایک دن اک رندِ زیرک نے کہا
ہے ہمارے شہر کا والی گدائے بے حیا!

تاج پہنایا ہے کس کی بے کلاہی نے اُسے؟
کس کی عُریانی نے بخشی ہے اُسے زریں قبا؟

اُس کے آبِ لالہ گوں کی خونِ دہقاں سے کشید
تیرے میرے کھیت کی مٹی ہے اُس کی کیمیا!

اُس کے نعمت خانے کی ہر چیز ہے مانگی ہوئی
دینے والا کون ہے؟ مردِ غریب و بے نوا!

مانگنے والا گدا ہے، صدقہ مانگے یا خراج
کوئی مانے یا نہ مانے میر و سلطاں سب گدا!

زہن کے چند شعر

… میں نہیں معشوق کا
… تو …

•

… جاہ … معشوق
…

•

تجھ کو دیکھا تو سیر چشم ہوئے
تجھ کو چاہا تو اور چاہ نہ کی

•

ادائے حسن کی معصومیت کو کم کر دے
گناہگار نظر کو حجاب آتا ہے

•

جانے کیا وضع ہے اب رسمِ وفا کی اے دل
وضعِ دیرینہ پہ اصرار کریں یا نہ کریں

•

مقامِ فیض کوئی راہ میں جچا ہی نہیں
جو کوئے یار سے نکلے تو سوئے دار چلے

•

جانتا ہے کہ وہ نہ آئیں گے
پھر بھی مصروفِ انتظار ہے دل

•

تنہائیاں

ڈاکٹر فوزیہ شیخ (فرانس)

زندگی کی راہ میں
چلتے چلتے
تھک گیا ہوں
سوچتا ہوں
ٹھہر جاؤں!
پل یا دو پل کے لیے

یہ جہاں تاریک ہے
کچھ نظر آتا نہیں
پیچھے راہوں کے …
… آنکھیں …
تنہائیں کو ڈھونڈ رہا …

…
پھر تمام …
دل کو …

نوابزادہ نصراللہ اور متحدہ محاذ کے آٹھ کارکنوں کو گرفتار کر لیا گیا

ملک نے تمام لوگوں کو ننگا کر کے ان پر انسانیت سوز تشدد کیا گیا

لیاقت محمد کو ننگا کر کے اُن کے ساتھ ننگی طوائف کی تصویریں بنائی گئیں

ائی کورٹ میں دائر کردہ درخواست میں قیدیوں پر تشدد کی تفصیل پیش کر دی گئی

عدالت نے گرفتار شدگان کے ... کا حکم ...

پارلیمنٹ نے بنیادی حقوق معطل رکھنے کے حکم کی توثیق کر دی

اپوزیشن جماعتوں کی طرف سے ہنگامی حالات برقرار رکھنے کی مخالفت

انتظامیہ کے حکم پر سکھر میں جماعت اسلامی کا امدادی کیمپ اکھاڑ دیا گیا

جماعت اسلامی نے ضلع سکھر اور جھنگ میں وسیع پیمانے پر امدادی سرگرمیاں شروع کر رکھی ہیں

پختونستان کے مسئلہ پر افغانستان کی طرف سے عملی کارروائی کا خدشہ ہے: بی بی سی

انقلابی حکومت اور روس کے تربیت یافتہ افغان افسروں میں اختلافات پیدا ہو گئے

پاکستان کے سیلاب زدگان کی امداد کے لیے ٹورانٹو میں عطیات بھیجا ہو تو الیزوالیتھین فوڈ اسٹور سے ربط قائم کریں۔ فون نمبر 463-1287


دُنیا میں تانبے کی دُوسری سب سے بڑی کان کا علاقہ ایوب خان نے ایران کو تحفے کے طور پر دے دیا تھا!

اسلام آباد۔ ۵ ستمبر (اپ پ) نیشنل عوامی پارٹی کے سربراہ خان عبدالولی خان نے انکشاف کیا ہے کہ سابق صدر ایوب خان نے اپنے دور اقتدار میں بلوچستان کا جو تین ہزار مربع میل علاقہ ایران کے حوالے کیا تھا اس میں معدنیات کے بھرپور ذخائر تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس علاقہ میں دنیا کی دوسری بڑی تانبا کی کان برآمد ہوئی ہے جس کی سالانہ آمدنی بھارت جیسے عظیم ملک کے سالانہ بجٹ سے بھی زیادہ ہے۔ ولی خان آج اسمبلی کیفیٹیریا میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ بلوچستان میں ایرانی فوجیں موجود ہیں اور وہ زیر زمین پانی کے ذخائر کا سراغ لگا رہے ہیں۔

ملک میں کیمیاوی کھاد کے مزید ۵ کارخانے لگائے جائیں گے: وزیر اعظم بھٹو

عوام زرعی اور صنعتی پیداوار بڑھانے کیلئے حکومت کے ساتھ تعاون کریں

اشیائے صرف کی قیمتوں کو کم کرنے کیلئے پیداوار میں اضافہ ضروری ہے



بنگلہ دیش کیساتھ بنگالی عوام کی خواہشات کے مطابق تعلقات قائم کیے جائیں گے

مستقبل بتا دے گا کہ بنگالیوں کا استحصال کس نے کیا ؛ وزیر اعظم بھٹو

کوئٹہ ۱۶ ستمبر (اے پی پی) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے کیمپ میں مقیم بنگالی فوجیوں کو یقین دلایا ہے کہ حکومت بنگلہ دیش کے ساتھ اس حد تک دوستانہ تعلقات قائم کرنے کی کوشش کرے گی جس حد تک بنگلہ دیش کے عوام خواہش کریں گے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بنگال کے عوام کی تمام پاکستان کے سلسلے میں خدمات پیش بہا ہیں اور جب آپ لوگ واپس اپنے گھر جائیں گے تو آپ یہ بات محسوس کریں گے کہ آپ کے بزرگوں نے پاکستان کی آزادی کے لئے کیوں کام کیا تھا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ میں کیمپ میں بنگالیوں کے ایک دوست کی حیثیت سے آیا ہوں۔

فوج کی امدادی و تعمیری سرگرمیاں جاری ہیں

راولپنڈی ۱۶ ستمبر (اے پ پ) سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں صورت حال آہستہ آہستہ معمول پر آتی جا رہی ہے۔ فوجی جوان شب و روز تعمیر اور امدادی کاموں میں مصروف ہیں۔

کینیڈا کی حکومت نے پاکستان کی ہنگامی ضروریات کے پیش نظر

دس لاکھ ڈالر مغربی پاکستان ریلیف کے لئے، دس لاکھ ڈالر اور ریلیف فنڈ کے لئے ۵۰ ہزار ڈالر نقد دیئے ہیں۔ کینیڈا کی ریڈ کراس کی طرف سے دس ہزار ڈالر اور ۲۷ ہزار تین سو ڈالر کے پارچات وغیرہ بھی ملیں گے۔

بناسپتی گھی کی ملوں کا تمام سٹاک اور ریکارڈ قبضہ میں

گھی کی ملوں کے مالکان کی جگہ ایڈمنسٹریٹر مقرر کئے جا رہے ہیں

اب گھی چھ روپے سیر عام مل سکے گا : پیرزادہ

کوئٹہ ۱۶ ستمبر (اے پ پ) وفاقی حکومت نے ملک بھر میں بناسپتی گھی کی ایک مل کے سوا تمام ملیں سرکاری تحویل میں لے لی ہیں۔

جسارت کے ایڈیٹر صلاح الدین بھی ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت گرفتار کر لیے گئے

اخبارات کی بندش فوراً ختم نہ کی گئی تو قومی سطح پر اقدام کیا جائے گا پی ایف یو جے : گرفتار ایڈیٹروں کو فوراً رہا کیا جائے : محمود احمد مظاہری

کراچی ۱۶ ستمبر (اے پ پ) مقامی پولیس نے آج شام روزنامہ جسارت کے ایڈیٹر صلاح الدین کو ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت گرفتار کر لیا۔



پاکستان نے ہالینڈ کو ایک کے مقابلہ میں دو گول سے ہرا دیا

پاکستانی ٹیم نے گول کرنے کے کئی مواقع ضائع کئے، دونوں گول رائٹ ان نے کئے

کھیل کے آغاز میں جب دونوں ٹیمیں کھیل کے میدان میں داخل ہوئیں تو تماشائیوں نے ان کا پرجوش استقبال کیا۔

صدائے پاکستان

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے، جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی،
اگر یہ ٹھیک نہج پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

تین اخبارات پر پابندی!

حکومت سندھ نے تین اخبارات "حریت"، "جسارت" اور "مہران" کی اشاعت پر تین تین ماہ کے لیے پابندی عائد کر دی ہے۔ حریت کے ایڈیٹر مسٹر انور خلیل اور پرنٹر پبلشر مسٹر شرف الدین بلخیو کو ڈیفنس آف پاکستان رولز کے تحت گرفتار کر لیا گیا ہے۔ جسارت کے ایڈیٹر مسٹر صلاح الدین اور پرنٹر پبلشر سید ذاکر علی کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے گئے ہیں اور پولیس ان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مار رہی ہے (بہت اغلب ہے کہ ان سطور کی اشاعت تک یہ دونوں اصحاب بھی گرفتار ہو چکے ہوں) حیدرآباد سے شائع ہونے والے اخبار "مہران" کے ایڈیٹر سردار علی شاہ پہلے ہی جیل میں ہیں۔ پولیس نے ان تینوں اخبارات کے دفاتر پر چھاپے مار کر بعض کاغذات بھی اپنی تحویل میں لے لیے ہیں۔

ان تینوں اخبارات پر پابندی کے بارے میں جو اطلاعات منظر عام پر آئی ہیں ان سے یہ تو پتہ نہیں چلتا کہ ان اخبارات کا قصور کیا تھا اور ان کے خلاف عائد شدہ فرد جرم کی نوعیت کیا ہے۔ لیکن یوں لگتا ہے کہ مرکز میں بیٹھے ہوئے "سُرخ شیروں" نے اپنا گھیرا تنگ کرنا شروع کر دیا ہے۔ ان میں سے دو اخبارات تو یقینی طور پر دائیں بازو سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ اسلام کے نام پر معرض وجود میں آنے والے پاکستان میں اشتمالیت و اشتراکیت کے لادینی نظریات کے فروغ کے سخت خلاف تھے۔ جہاں تک مہران کا تعلق ہے اسے کمل طور پر دائیں بازو کا اخبار تو نہیں کہا جا سکتا البتہ "سُرخ جنت" کے علمبرداروں سے اس کے اختلافات ضرور ہیں۔

پاکستان میں وفاقی، پارلیمانی، جمہوری اور اسلامی آئین کے نفاذ کے بعد قومی حلقوں میں یہ امید و توقع ظاہر کی جانے لگی تھی کہ دوسرے جمہوری اداروں کی طرح اب اخبارات بھی زیادہ آزادی کے ساتھ اپنی رائے کا اظہار کر سکیں گے۔ جمہوری معاشرہ میں اخبارات اور پریس کو جو غیر معمولی اہمیت حاصل ہوتی ہے اس کا اندازہ اس حقیقت سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ پریس جمہوریت کا چوتھا ستون تصور ہوتا ہے۔ انتظامیہ، عدلیہ، اور مقننہ کی طرح آزاد اور غیر جانبدار پریس کے بغیر جمہوریت کا تصور بھی ناممکن ہے۔ یہ بڑے افسوس اور دکھ کی بات ہے کہ تاریخ کے بدترین سیلاب کی وجہ سے پیدا ہونے والے گمبھیر مسائل اور دوسری قومی اور بین الاقوامی مشکلات کے باوجود [illegible] ارباب اقتدار کو [illegible] [illegible] کرنے کی بجائے اس مرحلہ پر [illegible] جن کی [illegible] کو سزا دینے [illegible] کرنے زخمی اور [illegible] کا شروع کیا ہے۔ انہوں نے جمہوریت اور [illegible] کی بلا [illegible] کو بچانے کا راستہ بھی [illegible]۔

ان اخبارات کا اگر کوئی قصور تھا تو حق و انصاف کا تقاضا یہ تھا کہ انہیں کوئی شوکاز نوٹس دیا جاتا۔ ان کی وضاحت اگر تسلی بخش نہ ہوتی تو پھر عام ملکی قانون کے تحت ان کے خلاف کارروائی کی جاتی اور کھلی عدالت میں ان کے خلاف مقدمہ چلایا جاتا۔ اس طرح اخبارات کو اپنی صفائی پیش کرنے کا موقع ملتا اور عوام بھی یہ محسوس کرتے کہ کسی کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں ہو رہی لیکن افسوس ایسا نہیں کیا گیا۔ اب نتیجہ یہ ہوگا کہ لوگوں میں طرح طرح کی چہ میگوئیاں ہوں گی اور حکومت کے بارے میں منفی رجحانات کو فروغ ملے گا۔ پھر اخبارات کی بندش سے ان اخبارات سے وابستہ سینکڑوں کارکن بھی متاثر ہوں گے۔ اخبارات ایک ایسی صنعت ہیں کہ اگر کسی اخبار کی اشاعت میں چند روز کا تعطل پڑ جائے تو اس کی ساکھ گر جاتی ہے واجبات مارے جاتے ہیں، اور پھر وہ شاذ ہی دوبارہ سر اٹھانے کے قابل ہوتا ہے۔ لاہور سے شائع ہونے والے "کوہستان" کی اشاعت پر عارضی پابندی جس طرح اس اخبار میں کام کرنے والوں کے لیے مستقل عذاب کا موجب بنی تھی۔ اور حکومت کو ان کے مسائل حل کرنے کے لیے جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ وہ ہماری تاریخ صحافت کا ایک المناک باب ہے اور ہمیں اس سے سبق حاصل کرنا چاہیے تھا۔

پاکستان میں آزادی صحافت کا مسئلہ بہت پرانا ہے اور موجودہ ارباب اقتدار میں ایسے لوگوں کی کمی نہیں جو اس حقیقت سے آگاہ نہ ہوں کہ جب انہوں نے ایوب خان کی آمریت کے خلاف جنگ لڑی تھی تو آزاد پریس نے جمہوریت کی سربلندی کے لیے کیا کیا صعوبتیں برداشت کی تھیں۔ وزیراعظم بھٹو سے زیادہ آزاد پریس کی جمہوریت کے لیے خدمت سے زیادہ اور کون آگاہ ہو سکتا ہے۔ لیکن یہ بڑی تکلیف دہ حقیقت ہے کہ وزیراعظم کے بعض "ترقی پسند" اور "سرخ شیرے" انہیں غلط مشورے دے کر ان کے لیے مشکلات پیدا کر رہے ہیں۔ وہ کبھی نیوز پرنٹ کے کوٹا میں کمی اور کبھی اشتہارات کی بندش کے ذریعے اسلام اور جمہوریت کے نام لیوا اخبارات کو رزق کی مار دینے کی کوشش کرتے ہیں اور کبھی اخبارات کی اشاعت پر پابندیوں کے ذریعے نہ صرف اخبارات اور حکومت کے تعلقات خراب کرتے ہیں بلکہ عوام میں حکومت کو غیر مقبول بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کا مقصد و مدعا یہ ہے کہ ملک میں انتشار و مایوسی پھیلے اور وہ مسموم فضا پیدا ہو جو اشتراکیت و اشتمالیت کے فروغ کے لیے انتہائی سازگار ہوا کرتی ہے۔

"نوائے وقت" کو اسلام، جمہوریت کی بحالی اور حریت فکر کی پر بھاری قیمت اور کڑی چوٹی دینا پڑا تھا۔ اس سے قارئین بے خبر نہیں ہم اس وقت ماضی کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتے اور صرف یہ عرض کرنے پر اکتفا کرتے ہیں کہ مرکز میں بیٹھے ہوئے "ترقی پسند" اور "سُرخے شیروں" کے ہاتھوں نوائے وقت، کو گزشتہ بیس اکیس ماہ کے عرصہ میں کئی مرتبہ اخباری کاغذ کے کوٹا میں کمی کی وجہ سے پریشان ہونا پڑا۔ اس عرصہ میں دو مرتبہ اس کے سرکاری اشتہار بند کیے گئے (اور اب بھی بند ہیں) نوائے وقت کا قصور یہ ہے کہ وہ

کہ اکبر نام لیتا ہے خدا کا اس زمانے میں

کے مصداق پاکستان کے اساسی نظریہ — اسلام — کا پرچم تھامے ہوئے ہے۔ وہ قائد اعظم کے افکار و نظریات کی بات کرتا ہے۔ وہ کسی خوف اور لالچ کے بغیر ملک میں اسلامی و جمہوری اقدار و شعائر کی سربلندی کا تقاضا کرتا ہے۔ وہ ملک و ملت کے اغراض و مفادات پر کسی مصلحت کا سایہ نہیں پڑنے دیتا اور اپوزیشن یا حکومت کی پالیسیوں پر بے لاگ تنقید کرتا ہے۔ نوائے وقت کا یہ طرز عمل ان "سُرخوں" اور ترقی پسندوں کو ایک آنکھ نہیں بھاتا جو کسی نہ کسی طرح ایوان اقتدار میں راہ پاتے اور جمہوریت کے علمبردار وزیراعظم بھٹو کے اردگرد جمع ہونے میں کامیاب ہو گئے ہیں۔ کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ آزاد اخبارات کا اس قسم کا کردار جمہوریت کی نشو و ارتقا نیز اسلامی و جمہوری نظریات کے فروغ و تقویت کا باعث بنے گا۔ چنانچہ وہ اپنے "قرب حضوری" سے فائدہ اٹھا کر جمہوریت کے چوتھے ستون کو مسمار کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور ارباب اقتدار کو اس قسم کے مشورے بھی دیتے ہیں کہ محض نیشنل پریس ٹرسٹ سے کام نہیں چلے گا ملک میں شائع ہونے والے تمام اخبارات سرکاری تحویل میں لے لینے چاہئیں۔

آخر میں ہم وزیراعظم مسٹر ذوالفقار علی بھٹو سے یہ عرض کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ وہ اس سارے معاملہ پر خود غور کریں۔ ہم یہ تسلیم کرتے ہیں کہ وہ بڑے مصروف آدمی ہیں۔ ان کے ذہن پر ان گنت مسائل و مشکلات اور بحرانوں کا بوجھ ہے۔ لیکن انہیں اپنی مصروفیات میں سے تھوڑا بہت وقت نکال کر اس امر کا جائزہ لینا چاہیے۔ کہ ان کے "سرخ مشیر" جو کچھ ملک میں کردار ادا کر رہے ہیں اس سے خود وزیراعظم یا حکمران پارٹی کو کیا نقصان پہنچا اور پہنچ رہا ہے۔ ان مشیروں کا کیا ہے وہ تو چلے جائیں گے یا نئے آنے والوں کے مشیر بن جائیں گے۔ یہ مشیر تو ہر چڑھتے سورج کی پرستش کرنے والے لوگ ہیں۔ اور وہ ارباب اقتدار کی کاسہ لیسی اور خوشامد کی راہ محض اس لیے اختیار کرتے ہیں کہ انہیں ملک میں اشتراکیت و اشتمالیت ایسے لادینی نظام کی ترویج کے لیے راہ ہموار کرنے کا موقع مل سکے۔

سیلاب زدہ گان کی امداد کیلیے اپنے عطیات
اس پتے پر روانہ کریں: —
PRIME MINISTER'S FLOOD RELIEF FUND
EMBASSY OF PAKISTAN
505 WILBROD STREET
OTTAWA, ONTARIO

سچی باتیں

کہتے ہیں کہ ایک بار حضرت عمرؓ اپنی خلافت کے زمانہ میں اپنے رات کے گشت میں تھے کہ ایک سنسان محلہ میں آواز سنی کہ ماں دودھ میں پانی ملا رہی ہو اور لڑکی اُسے اس سے روک رہی ہو۔ ماں یہ کہتی ہو کہ یہاں خلیفہ یا اُس کا کوئی آدمی نہیں ہے۔ لڑکی جواب میں کہتی ہو کہ "اللہ تو دیکھ رہا ہو"۔ ماں اس پر لاجواب ہو کر رہ گئی ——— مشہور قصہ ہو آپ نے کتابوں اور رسالوں میں ضرور اسے پڑھا ہو گا یا کسی واعظ کی زبان سے سنا ہو گا [illegible] سے ہر اچھی حکایت کی طرح سرسری طور سے گزر گئے [illegible] زیادہ سے زیادہ اس پر خوش ہوئے ہوں گے۔ کہ خلیفہ عمرؓ کی باخبری اور فرض شناسی کی کیسی زبردست سند مل گئی۔ حکایت تاریخی ہو، خوش عقیدگی کی پیداوار نہیں۔

حالانکہ حکایت کی جان لڑکی کی زندہ ضمیری اور اس کی عادت احتساب ہو۔ اور لڑکی بھی کوئی ورع و تقویٰ میں خاص طور سے ممتاز نہ تھی، معمولی سی لڑکی تھی جیسی عام طور پر رعایا میں ہوتی ہیں۔ جس چیز نے معاشرہ کو فریب دہی کے عذاب سے محفوظ رکھا وہ صرف خوف خدا تھا جو ساری آبادی پر چھایا ہوا تھا اور ایک سے اگر لغزش ہوتی تو کوئی دوسرا آ کے فوراً ہی ٹوک دیتا اور بھولا ہوا سبق یاد دلا دیتا۔ آج آپ کا دطن اسی ملاوٹ کے کاروبار اور مکر و ڈ ہنگا ئی سے چیخ رہا ہے یا نہیں؟ بڑے چھوٹے، امیر، غریب سب ہی تنگ آ چکے ہیں۔ گورنمنٹ کیسی کیسی تدبیریں کر رہی ہو۔ کیسی کیسی کمیشن سب ہی چیزوں کی طرف ذہن جا رہا ہو۔ مگر ایک تدبیر کارگر نہیں ہو رہی ہو ——— اصل مجرم تو وہ معاشرہ اور نظام معیشت ہو جس نے خوف خدا کو دلوں سے سو فی صدی نکال دیا ہو۔ اور استحضار آخرت کو ایک مضحکہ کی چیز بنا رکھا ہے۔

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ
صدائے پاکستان
ٹورونٹو
کینیڈا

اَلَا اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ

جلد ۲ [illegible]

سیلاب سے ڈھائی ارب روپے سے زیادہ کا نقصان ہوا

ایک کروڑ ایکڑ اراضی متاثر ہوئی، ۳۷ لاکھ ایکڑ پر فصلیں تباہ: دس ہزار دیہات نیست و نابود ہو گئے اور ۸۰ لاکھ افراد کی املاک اور اثاثوں کو نقصان پہنچا

پانچ لاکھ مکانات منہدم ہو گئے

اب تک صرف سات کروڑ روپے کی غیر ملکی امداد ملی ہے: ابتدائی سروے رپورٹ

راولپنڈی (اے پی پی) سیلاب نے جو تباہی مچائی ہے اس ضمن میں ابتدائی سرکاری اندازے کے مطابق اڑھائی ارب روپے کا نقصان ہوا ہے اس اندازے میں سندھ کے [illegible] نقصانات شامل نہیں ہیں ان علاقوں میں ابھی تک تباہی پھیلی ہوئی ہے اور پانی اترنے کے بعد ہی صحیح اندازہ لگایا جا سکے گا۔ پنجاب میں سیلاب سے جو تباہی ہوئی ہے اس بارے میں بھی ابھی نقصانات کا صحیح اندازہ لگایا جا رہا ہے تاہم سرسری اندازے کے مطابق سیلاب سے ایک کروڑ ایکڑ زمین متاثر ہوئی ہے اس میں ۳۵ لاکھ ایکڑ زمین میں کھڑی فصلیں تباہ یا متاثر ہوئیں۔ دس ہزار دیہات اور پانچ لاکھ مکانات تباہ یا متاثر ہوئے اس سیلاب کے باعث اسی لاکھ افراد [illegible] ضلع سیالکوٹ میں سب سے زیادہ گاؤں متاثر ہوئے [illegible] سرفہرست ضلع جھنگ [illegible]

ہو گئیں مجموعی طور پر پنجاب میں ۱۹ لاکھ ایکڑ زمین پر کھڑی فصلیں تباہ ہوئیں جب کہ [illegible] لاکھ ایکڑ زمین میں فصلیں متاثر ہوئیں۔ دو لاکھ ۴۹ ہزار ایکڑ زمین میں چاول، سات لاکھ پانچ ہزار ایکڑ میں کپاس، ۹۷ ہزار ایکڑ زمین میں مکئی، [illegible] ہزار ایکڑ زمین میں گنا اور [illegible] [illegible]

[illegible] پانی اتر جانے کے بعد ہی کیا جا سکے گا۔ البتہ ابتدائی اندازوں کے مطابق سیلاب سے مجموعی طور پر ۱۱ لاکھ ایکڑ رقبہ متاثر ہوا ہے اور [illegible] ہزار ایکڑ رقبے میں کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے [illegible] نواب شاہ کے اضلاع میں تقریباً ایک لاکھ ایکڑ میں کپاس اور [illegible] لاکھ [illegible] ہزار ایکڑ میں چاول کی فصل متاثر ہوئی ہے۔ [illegible] بھی بالکل تباہ ہو گئے یا بیشتر کو جزوی طور پر نقصان پہنچا ہے [illegible] سے زائد گاؤں متاثر ہوئے ہیں اور املاک کے نقصانات کا اندازہ ایک کروڑ ۸۰ لاکھ روپے تک کیا گیا ہے۔

ایوب خان کا سیلاب زدگان سے اظہار ہمدردی

اسلام آباد (اے پی پی) سابق صدر پاکستان فیلڈ مارشل محمد ایوب خان نے سندھ اور پنجاب میں خوفناک سیلابوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے ایک بیان میں جو آج یہاں جاری کیا گیا سابق صدر نے کہا کہ پنجاب اور سندھ میں [illegible] آفت سے جو زبردست تباہی ہوئی ہے اس سے مجھے انتہائی تکلیف پہنچی ہے سیلاب زدگان سے اظہار ہمدردی کرتے ہوئے انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مصیبت زدگان کی مدد فرمائے اور انہیں اس ناگہانی مصیبت سے عہدہ برآ ہونے کا حوصلہ عطا فرمائے۔

شیخ محمد عبداللہ [illegible] لانے کے لیے مجلس مشاورت قائم کر دی گئی

نئی دہلی [illegible] شیخ عبداللہ نے [illegible] [illegible]

مجھے اخبار نکالنے کی اجازت دی جائے یا پھر ملک بدر کر دیا جائے

مجیب سے مولانا بھاشانی کا مطالبہ

ڈھاکہ (رائٹر) بنگلہ دیش کے قائد حزب اختلاف مولانا عبدالحمید خان بھاشانی نے مطالبہ کیا ہے کہ اگر انہیں اپنا اخبار نکالنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی تو انہیں بنگلہ دیش سے نکال دیا جائے۔ نیشنل عوامی پارٹی کے ۹۲ سالہ سربراہ نے یہ مطالبہ کل رات وزیر اعظم شیخ مجیب الرحمٰن کے نام اپنی کھلی چٹھی میں کیا جو آج صبح بعض اخبارات میں شائع ہوئی۔ مولانا بھاشانی نے اپنے مکتوب میں لکھا "مجھے اپنا اخبار نکالنے کی اجازت دینے سے انکار کے صاف یہ معنی ہیں کہ میں حکومت سے بیزار عناصر کی ترجمانی کر سکوں اور یہ ان جمہوری اصولوں کی سراسر خلاف ورزی ہے جن کے لیے آپ نے اور میں نے مل کر طویل جدوجہد کی تھی۔" یاد رہے کہ حکومت نے پچھلے سال مولانا بھاشانی کا اخبار "حق کتھا" اس الزام میں بند کر دیا تھا کہ اس میں ایسا مواد شائع ہو رہا ہے جو بنگلہ دیش کی نئی مملکت کی خود مختاری کے خلاف ہے۔

مسلم بنگال کے تین گوریلا کمانڈر گرفتار

ڈھاکہ (اے پی پی / رائٹر) اخبار سنگ باد نے اطلاع دی ہے کہ پولیس اور فوج نے چٹاگانگ کے پہاڑی علاقے میں گوریلوں کے ایک گروہ کا سراغ لگایا ہے اخبار کے مطابق حفاظتی دستوں نے بھاری مقدار میں اسلحہ بھی برآمد کیا ہے تین افراد گرفتار کر لیا ہے جن کے بارے میں کہا گیا ہے کہ وہ مسلم بنگالی فوج کے گوریلا کمانڈر ہیں۔ حکومت کے حامی اس اخبار نے یہ اطلاع بھی دی ہے کہ اس گروہ نے کافی عرصہ سے اس علاقے میں اپنی سرگرمیاں جاری کر رکھی تھیں۔

عوامی لیگ کے نو ارکان کو اغوا کرنے کے بعد ہلاک کر دیا گیا

ڈھاکہ [illegible] پولیس کے مطابق گزشتہ ہفتہ کے روز [illegible] سے تقریباً بیس میل دور [illegible] بازار کے قصبے سے حکومت بنگلہ دیش کی حامی پارٹی عوامی لیگ، منحرف لیگ اور حکمران عوامی لیگ کے نو ارکان اغوا کر لئے گئے۔ پی پی کے مطابق شبہ ہے کہ ان اغوا کنندگان کو ہلاک کر دیا گیا ہے۔

آج پھر جلوس نکالا جائے گا

لاہور، ۱۰ اگست (نامہ نگار خصوصی) متحدہ جمہوری محاذ لاہور نے [illegible] بڑھتی ہوئی غنڈہ گردی، مہنگائی اور عوام کے جمہوری حقوق سلب کرنے کے خلاف احتجاج کے طور پر کل بروز منگل پانچ بجے سہ پہر دفتر پاکستان مسلم لیگ ڈیوس روڈ لاہور سے ایک جلوس نکالے گا۔ محاذ کے ایک ترجمان کے مطابق محاذ [illegible] دفعہ ۱۴۴ کی ناروا پابندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے خود کو گرفتاری کے لئے پیش کریں گے۔

سول نافرمانی کی تحریک سرحد میں ناکام ہو چکی ہے: خان قیوم

بنوں [illegible] (اے پی پی) مرکزی وزیر داخلہ خان [illegible] [illegible] سول نافرمانی کی تحریک شروع کی تھی وہ سرحد میں ناکام ہو چکی ہے کیونکہ [illegible] لوگوں نے اس تحریک میں چھپے ہوئے مذموم عزائم کو جان لیا ہے۔ وہ آج شام یہاں مقامی سٹیڈیم میں ایک بہت بڑے اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ میں اس نام نہاد تحریک کا کہیں بھی رد عمل نہیں ہوا جس سے ثابت ہو گیا ہے کہ جمہوریت اور بنیادی حقوق کے یہ خود ساختہ [illegible] بالکل محروم ہیں

فوج کا فرض سرحدوں کا دفاع اور آفات میں انتظامیہ کی مدد کرنا ہے

فضائیہ، بحریہ اور فوج نے قابل تعریف کام کیا ہے: افواج کے سربراہوں کے نام وزیر اعظم کا پیغام

راولپنڈی [illegible] (اے پی پی) وزیر اعظم مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے پاک افواج کے سربراہوں کے نام یکساں مضمون کے ایک مراسلہ میں سیلاب زدہ علاقوں میں پاک افواج کے جوانوں کی شاندار امدادی خدمات پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جنرل ٹکا خان، ایئر مارشل ظفر چودھری اور وائس ایڈمرل [illegible] احمد کو اپنے مراسلہ میں وزیر اعظم نے کہا ہے کہ مسلح افواج کے جوانوں نے متعدد علاقوں کو سیلاب کی تباہ کاریوں سے محفوظ رکھ کر اور سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی کارروائیاں کر کے جو شاندار خدمات انجام دی ہیں۔ اس پر پوری قوم فخر کرتی ہے۔

وزیر اعظم نے اپنے مکتوب میں کہا ہے۔ سیلاب ہم پر ایسی آفت بن کر نازل ہوا جس کی قبل ازیں مثال نہیں ملتی۔ [illegible] [illegible] جانے والے اپنے تمام سیلاب زدہ علاقوں کی تباہ کاریوں کا مقابلہ کیا۔

بچنے والوں نے جس عزم و استقامت اور جذبہ حب الوطنی کا مظاہرہ کیا ہے وہ قابل رشک ہے۔ مزید برآں اس صورت حال نے یہ اہمیت واضح کر دی ہے کہ عوام کی نمائندہ حکومت ہی کے ذریعے ہی فوج اور سول سرکاری اور غیر سرکاری امدادی اداروں کی کارروائیاں مربوط ہو سکتی ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ [illegible] [illegible] کر دار ادا کیا ہے۔

مسٹر بھٹو نے کہا ہے کہ ایک آزاد مذہب اور جمہوری معاشرہ میں [illegible] پاک افواج، عوام اور حکومت کی شیر و شکر تعاون کی باہمی مساعد نہیں کر سکتے۔

روس کی جانب سے ادویہ کی امداد

اسلام آباد (اے پی پی) روس کی یونین آف ریڈ کراس اینڈ ریڈ کریسنٹ سوسائٹیز نے پاکستان کے سیلاب زدگان کے لئے ایک لاکھ روبل کی ادویہ کا عطیہ دینے کا فیصلہ کیا ہے

سیلاب کی تباہ کاریوں سے عہدہ برآ ہونے کے لیے امریکہ پاکستان کے ساتھ ہے

صدر نکسن کی طرف سے ان کے خاص ایلچی کی پاکستان کو یقین دہانی

راولپنڈی (اے پی پی) امریکہ کے صدر نکسن نے پاکستان کو یقین دلایا ہے کہ سیلاب کی تباہ کاریوں سے پیدا ہونے والی صورت حال سے عہدہ برآ ہونے میں امریکہ پاکستان کا مکمل ساتھ دے گا۔ صدر نکسن کے صدر کے خصوصی نمائندہ [illegible] پاکستان پہنچے ہیں بتایا کہ صدر نکسن نے مجھے یہ خصوصی ہدایات دے کر پاکستان بھیجا ہے کہ میں حکومت پاکستان کو امریکہ کی جانب سے مؤثر امدادی کارروائیوں کا یقین دلاؤں اور اس بات کا جائزہ لوں کہ پاکستان کی امداد اور بحالی کے کاموں میں کیا خصوصی ضروریات درپیش ہیں۔ انہوں نے کہا پاکستان کی حکومت اور عوام نے جس حوصلہ اور تدبر سے اس آفت کو برداشت کر کے امدادی کارروائیاں کی ہیں پوری دنیا اس کی تعریف کرتی ہے [illegible] نے آج شام سیکرٹری خارجہ آغا شاہی سے ملاقات کی اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری [illegible] امریکہ جنرل وزارت خارجہ بھی موجود تھے [illegible] کے ہمراہ امریکی [illegible] امور اقتصادی کونسلر شریک ہوئے

جنگی قیدیوں کو تحائف کے پارسل نہ بھیجے جائیں

راولپنڈی ۵ ستمبر (اے پی پی) وزارت دفاع نے بھارت [illegible] ہونے والے ۹۰ ہزار سے زائد فوجی اور شہری نظر بندوں کے خاندان والوں اور عزیز و اقارب سے کہا ہے کہ وہ حالیہ پاک بھارت معاہدہ کے پیش نظر جنگی قیدیوں کو تحائف کے پارسل بھیجنا بند کر دیں۔ وزارت دفاع کے اعلان میں کہا گیا ہے کہ حالیہ سمجھوتہ کی وجہ سے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اب جنگی قیدیوں کو پارسل بھیجے جانے بند کر دیئے جائیں اس لئے جنگی قیدیوں کے لواحقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اب وہ پارسل نہ بھیجیں۔

بھارت میں سیلاب سے ۵۰۰ افراد ہلاک ہو گئے

نئی دہلی ۵ ستمبر (اے پی پی / رائٹر) بھارت میں سیلاب نے ایک ماہ تک جو تباہ کاریاں مچائی ہیں ان سے پانچ سو افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ یہ بات کا انکشاف سیلاب سے متاثرہ علاقوں سے آنے والی اطلاعات کے بعد گزشتہ روز یہاں کیا گیا ہے [illegible] پچھلے ایک ہفتہ کے دوران [illegible] افراد ہلاک ہوئے

ولیم بارنس کی وطن واپسی

کراچی ۵ ستمبر (اے پی پی) صدر نکسن کے خصوصی امدادی رابطہ افسر مسٹر ولیم بارنس پاکستان کا چار روزہ دورہ ختم کر کے واشنگٹن روانہ ہو گئے۔ مسٹر بارنس کو صدر نکسن نے پاکستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں کا جائزہ لینے کے لئے اپنے ایلچی کے طور پر بھیجا تھا کہ پاکستان کو کیا امداد دی جا سکتی ہے۔ پاکستان میں قیام کے دوران مسٹر بارنس نے وزیر اعظم بھٹو اور اعلیٰ سرکاری حکام سے ملاقات کی اور سیلاب زدہ علاقوں کا فضائی معائنہ کیا۔

N
ta

TODA
ISTAN
TEGRI
WILL
SUBST
ISTAN
MINIS
SAID
TER H
SHIP
LY TH
THE T

Presid
Prime M
U.S. sup
pendenc
grity w
guiding
foreign
The j
that th
cussed
sistance
substant
States h
Plans
in Amer
cials sai
Mr. N
ther hel
covery f
floods, t
Mr. N
Mr. Bhu
ment on
Pakistan
The st
the talk
ers, Mr.
cesses o
Pakistan
presenta
a democ

cently ad
Assembly
war-shatt
istan whi
received
the rec
floods.
Mr. Nix
Mr. Bhu
ship in r
with Indi
Presiden
the Unite
port for
ciliation
Asia and
States' in
implemen
ments an
other out
South As
means in
ternationa
ples.
The sta
Nixon an
cussed th
internatio
and that
the Pakis
recent ple
drug traff
eliminate
Pakistan.
Mr. Bhu
well salut
three-day
New York
General A